# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Saturday, June 07,2003*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad , at eighteen minutes past five in the evening with Mr . Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و اذکروا نعمة الله علیکم ومیثا قه الذی واثقکم به اذقلتم سمعنا وا طعنا و اتقوالله ان الله علیم بذات الصدور - یایها الذین امنو اکونو قومین لله شهدآء بالقسط ولا یجرمنکم شنان قوم علی الا تعدلوا اعدلوا هواقرب للتقوی و اتقوالله ان الله خبیر بما تعملون- وعدالله الذین امنو وعملوا الصلحت لهم مغفرة واجر عظیم-

ترجمہ: اور اللہ نے جو تم پر احسان کئے ہیں - ان کو یاد کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا- یعنی جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے اللہ کا حکم سن لیا - اورقبول کیا- اور اللہ سے ڈرو- کچھ شک نہیں کہ اللہ دلوں کی باتوں

تک سے واقف ہے ۔ اے ایمان والو۔ اللہ کے لئے انصاف کی گواہی دینے کے لئے کھڑے ہو جایا کرو ۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے ۔ اور اللہ سے ڈرتے رہیے ۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے ۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ۔ ان سے اللہ نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لئے بخشش اور اجر عظیم ہے ۔

(المائدہ ۷۔۹)

جناب چیئرمین : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اللھم صلی علیٰ محمد و علیٰ آلِ محمد ۔

میں یہ پینل پڑھ لیتا ہوں then I discuss.

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

**Mr. Chairman:** In pursuance of sub Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, I nominate the following members in order of precedence to form a panel of presiding officers for the 4th session of the Senate of Pakistan.

(i) Ch. Muhammad Anwer Bhinder.

(ii) Mr. Justice (R) Abdul Razzaque Thahim.

(iii) Mr. Muhammed Ishaq Dar.

PRIVILEGE MOTION RE: THE BREACH OF PRIVILEGE BY POLICE BY ENTERING THE HOUSE OF SENATOR ILLEGALLY AND DAMAGING THE PROPERTY

**Mr. Chairman:** Yes please.

**Mrs. Saadia Abbasi:** Mr. Chairman, this afternoon under Rule 60 and 61 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in

Senate, I made an application to you for breach of privilege that has been committed against me. I have also included with it a copy of the letter that I wrote to the SSP Islamabad, which was carried to him by my brother Mr. Shahid Khaqan Abbasi, former Minister of State on June 5th 2003. That is to be treated as an FIR under the rules of Criminal Procedure Code. On june 5th 2003, in my absence several police officers of the Islamabad police, identified by the uniforms, alongwith at least four persons in civilian clothes, had arrived at my residence, House No. 4, Street No. 2, F/8-3, Islamabad and claimed that they have court orders to confiscate the belongings in the house. They were told by the staff that there was no one in the house, who can deal with the matter and that if there is any order decree of the court, it should be left at the premises and will be brought to my notice when I return. It was also brought to their attention, that this is my house, that I live alone, that I am an advocate of the High Court and a member of the Parliament. They were also asked to verify the name of the person against whom there is this purported court order. No documents were shown to the staff in my house and they were abused and insults were hurled at them.

Then these persons pulled the air-conditioners from the walls and made entry into the house in this illegal and unlawful manner. They proceeded to kick the doors and broke the locks and started to ransack the place and collect items of property belonging to me and putting them in a van. They gained entry into all the rooms of house and damaged the furniture and other things in the house.

By this time my mother, mother-in-law, who is the real owner of the property and my sister-in-law had also arrived at the house. They demanded to see court orders and tried to stop these persons from demaging the place. They were pushed, shoved, abused and obscenities were hurled at them by the persons in plain-clothes and were told not to intervene otherwise they will suffer the consequences. In a few minutes these people destroyed property worth thousands which can arguably be counted, but the loss to the sanctity and well-being of my family members and staff cannot even be quantified or expressed in plain words. My mother and mother-in-law are patients of chronic hypertension and heart disease and were made to suffer such indignities in this barbaric manner. It is incomprehensible for me to rationalise that something like this could have been done to them. These ladies are widows of the most honourable and outstanding citizens of this country who lived lives of great public service. Todate there is no court order against me or the owner of the property and no evidence of this has been produced on the record. It was only by virtue of the physical obstruction of the drive-way and by cars belonging to my family members that the police and the persons in plain-clothes could not take out the items of property belonging to me and were compelled to leave by force of circumstances.

It is brought to your kind notice that the sanctity, privacy and dignity of my house has been violated and desecrated. The members of my family and my staff have been subjected to unimaginable acts of harassment, intimidation, criminal trespass and vulgarity which has no

place in any civilised society. We are in a state of horror and shock over this incident and fear for our lives, our dignity, our security and our ability to lead our lives in a normal manner. It is hereby earnestly prayed that this matter be referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges. Thank you

Mr. Chairman: The Interior Minister may like to make a comment on it.

Makhdoom Syed Faisal Saleh Hayat: Thank you Mr. Chairamn! I was given this motion more than an hour back and I have made certain enquiries in this respect. The allegations which have been made by the honourable member, very briefly, Mr. Chairman, relate to certain domestic dispute pending in a Civil Court in Islamabad. The dispute is of a purely personal and domestic nature and I will not go into the details of that dispute. However, the Civil Court, Islamabad gave a court order and the bailiff was deputed to recover the property in question from the said residence. Mr. Chairman, as in any other place in Pakistan the Islamabad Police is authorized to accompany the bailiff which the court appoints. Saying this and despite the allegations, let me assure you, the House and the honourable members that the Government attaches significant and very high priority to the honour and dignity of all norms of Parliament. There is absolutely no question that anyone from any administrative branch of the Government can dare to destroy the sanctity and the spirit in which we all try to move and live respectable lives. I am

fully aware of the emotional state of the honourable member as she has self-stated and that of her family too and of the sensitivities involved I have no objection if you would like to refer it to the special committee and then committee can take care of the motions and this privilege as per the required rules. Thank you.

Mr. Chairman: Mr. Thahim:

Mr. Justice (Retd.) Abdul Razzaque Thahim: When there was a meeting that an adhoc privilege committee be constituted to look in these matters because these are day to day affairs and I think Minister has also agreed so the House may authorise you to constitute it.

Mr. Wasim Sajjad: As we do not have any Privilege Committee of the House, therefore, as was discussed in your Chamber with my colleagues from the Opposition and, of course, other people also present there, it would be appropriate that a special committee be constituted under Rule 180 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate and for that purpose Mr Chairman with your permission I would like to move the Motion under Rule 180 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that a Special Committee be constituted to examine the Privilege Motion moved by the Senator Sadia Abbasi and report to the House. The select Committee shall comprise of the following members: Senator Khalil-ur-Rehman, Deputy Chairman and the Chairman of the Committee, Mr. Justice (Retd.) Abdul Razzaque Thahim, Mr. Babar Khan Ghouri, Mir Muhammad Naseer

Mengal, Ch. Muhammad Anwar Bhinder, Mian Raza Rabbani, Mr. Asfandyar Wali, Professor Khurshid Ahmed and Mr. Muhammad Ishaq Dar. So a special committee be constituted to examine the privilege motion and make whatever recommendations being fit to the House.

Mr. Rehmatullah Kaker: A Privilege Motion was filed by me before this Secretariat. Same was the incident in my suit H-10 in Parliament Lodges, some unknown persons entered in my house. They looted valuables. The case was properly reported to the Secretary Senate in the office. Till now I don't know what is the fate of that-----

Mr. Chairman: The same committee can look at that. Those in favour of the motion.

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب، میں اس میں یہ اضافہ کرتا ہوں کہ انہوں نے تو ایک لاج کی بات کی ہے۔ آج پوری پارلیمنٹ لاجز پولیس کی حراست میں ہے۔ ہماری چھتوں پر پولیس ہے۔ دائیں بائیں دروازوں میں۔ اس کو بھی شامل کیا جائے کہ آج اچانک کونسی قیامت آنے والی ہے کہ پوری پارلیمنٹ لاجز بلکہ پوری قومی اسمبلی پولیس کی مکمل حراست میں ہے۔پوری پارلیمنٹ نے کیا جرم کیا ہے کہ آج بالکل بیچارہ محبوس ہے۔

جناب وسیم سجاد: میرے خیال میں جناب وہ چیزیں جن پر دونوں جانب سے agreement ہو چکا ہے ان چیزوں کو بھیج دیا جائے باقی یہ باتیں ہم مولانا صاحب سے کرتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین: نہیں، میں نے چیک بھی کروایا ہے کچھ جو پولیس ہے وہاں، کچھ منسٹرز بھی وہاں ٹھہرے ہوئے ہیں ان کا کچھ عملہ ہے، دوسرا ہے۔ لیکن جیسے کمیٹی بن جائے گی یہ چیزیں دیکھ لیں گے۔

*(The Motion was carried)*

Mr . Chairman: There is a message from the National Assembly-------------- you want to say something Moulana Sahib.

POINT OF ORDER;RE: DIALOGUE ON LFO

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی:** آپ کی اجازت ہے۔ ابھی آپ کے سامنے حزب اختلاف کی جانب سے یہ بات کہی گئی ہے کہ پارلیمنٹ لاجز محاصرہ میں ہے۔ ہم یہاں قومی اسمبلی کے اجلاس میں اور سینیٹ کے اجلاس میں خالی ذہن ہو کر ملک کے مختلف مسائل کے سلسلے میں حاضر ہوتے ہیں لیکن یہ چاروں طرف پولیس کی موجودگی سے خوف اور دہشت کی ایک فضا پیدا کر دی جاتی ہے اس کا بھی ایک تاثر ہے ایک اثر ہے۔ دوسری جانب ملک میں مذاکرات کی ڈور ڈالی گئی اور دو ہفتے قبل آپ نے بھی سنا ہوگا اخبارات کے ذریعے سے، آپ کے بھی علم میں یہ بات آئی ہو گی کہ حزب اختلاف کو محترم وزیر اعظم صاحب نے گفتگو کے لئے مذاکرات کے لئے یاد کیا۔ اور ہمیں بڑی خوشی ہے کہ پہلے دن اور پھر دوسرے روز یعنی دو مرتبہ حزب اختلاف کی جتنی بھی جماعتیں ہیں وہ، حزب اقتدار سے تعلق رکھنے والی جماعتیں ہیں وہ، سب بیٹھیں انتہائی پرامن اور پر خلوص اور محبت بھرے ماحول میں مذاکرات محترم وزیر اعظم صاحب سے ہوئے جو تقریباً نصف شب تک جاری رہے۔ اس کے بعد کمیٹی بنی۔ اس کمیٹی بننے سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ اس کمیٹی کے بننے کے نتیجے میں ملک کے لئے حالات بہتر ہو جائیں گے اور Legal Frame work Order جس کے متعلق حزب اختلاف کا یعنی ہمارا موقف ہے کہ یہ Illegal Frame work Order ہے، یہ Constitution کا حصہ نہیں ہے۔ اس پر مذاکراتی ٹیم محترم وزیر اعظم صاحب،------ ابھی محترم وزیر اعظم کا ذکر ہوا اور وہ ایوان میں تشریف لے آئے ہیں۔ ان کی بڑی عمر ہے ماشاء اللہ۔ بڑی عمر ہے۔ ماشاء اللہ بھاری بھر کم ہیں تو بڑی عمر ہو گی انشاء اللہ۔ تو محترم وزیر اعظم کی صدارت میں بڑے اخلاص اور محبت کے ساتھ اور پر خلوص ماحول میں مذاکرات کا عمل نصف شب تک جاری رہا۔ پھر اس کے بعد ایک مذاکراتی کمیٹی تشکیل دی گئی۔ ہم نے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ آپ خود ہی اس کی صدارت فرمائیں۔ انہوں نے اپنی مصروفیت کے سبب اس کی صدارت چوہدری شجاعت صاحب کے سپرد کر دی۔ ان کی بھی

مصروفیات تھیں ۔ اس کے بعد اس کی صدارت سپیکر ، قومی اسمبلی کے سپرد کر دی گئی ۔یہ فریضہ ان کو سونپا گیا اور محترم وزیر اعظم نے فرمایا کہ ہم نے اجماع تو کر لیا ہے ۔ مذاکراتی ٹیم مقرر ہو گئی ہے ۔ L.F.O یعنی Legal Frame work Orders پر کوئی نہ کوئی سمجھوتہ ہو جائے گا ۔ بعد میں ہمارے پاس اس کی رپورٹ آئے گی تو اسے دیکھ لیں گے ۔ اس مذاکراتی ٹیم نے اپنا کام کیا ۔ تقریباً پندرہ دن تک، تسلسل کے ساتھ ، اپنا کام کیا ۔ متعدد نشستوں میں اس کو انجام تک پہنچایا ۔ تقریباً پندرہ دن کے بعد اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش کی ۔اب محترم وزیر اعظم صاحب نے اس سلسلے میں مذاکرات کرنے تھے ۔لیکن وزیر اعظم اپنی مصروفیت کے سبب وہ مذاکرات نہ کر سکے ۔ ظاہر ہے ان کی اپنی مصروفیات ہیں اور یہ ہونی بھی چاہئیں ۔ تاہم ابھی تک ان مذاکرات کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ۔اس کمیٹی نے جو محترم سپیکر صاحب کی صدارت میں کام کر رہی تھی، اپنی رپورٹ دے دی۔ وزیر اعظم صاحب کو اس سلسلے میں جو ضروری اقدامات کرنے چاہئیں تھے ، وہ اپنی مصروفیت کے سبب نہ کر سکے ۔اب نوبت یہاں تک پہنچی ہے کہ اب بھی احتجاج بدستور جاری ہے ۔ آپ نے بھی یہ ملاحظہ فرمایا ہو گا کہ حزب اختلاف کے ساتھ ایک طرف تو مذاکرات کا ڈول ڈالا جاتا ہے ۔ دوسری جانب پنجاب اسمبلی میں جو کچھ ہوا ، خواتین کے ساتھ پولیس نے جو سلوک کیا، وہ بھی آپ کے علم میں ہے -----

(اپوزیشن اراکین کی جانب سے شیم شیم کی آوازیں)

خواتین کو لاہور سے گرفتار کرنے کے بعد دھکیلا گیا ۔ دوپٹے کھینچے گئے ۔ان کی چٹیاں کھینچی گئیں ۔ بال کھینچے گئے ۔ اور پھر ان کو ملتان جیل بھیج دیا گیا ۔ اسی طرح بہت سے حضرات کو میانوالی جیل میں بھیج دیا گیا ۔مردوں کو میانوالی میں اور خواتین کو لاہور سے گرفتار کرنے کے بعد ملتان جیل میں بھیج دیا گیا۔یہ سلوک فی الحال حزب اختلاف کے ساتھ ہو رہا ہے ۔

سرحد میں ہم نے مذاکراتی ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کیا ۔سپیکر صاحب سے بھی مکمل تعاون کیا ۔دو راتیں وزیر اعظم صاحب کے ساتھ نصف شب تک اور ایک پوری رات صبح چار بجے تک مذاکرات کئے ۔ کیونکہ ہم چاہتے تھے کہ افہام وتفہیم کا اور مفاہمت کا راستہ اختیار کیا جائے اور یہ ہاؤس اور جمہوریت کی جو گاڑی ہے ،وہ چلتی رہے لیکن بعد میں جو ہمارے ساتھ سلوک کیا گیا۔ مثلاً میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا اور میں مشکور ہوں کہ آپ توجہ سے سماعت فرما

رہے ہیں تو اس کے بعد یہ ہوا یہاں وزیر اعظم صاحب نے اجلاس بلایا ۔ اس میں چاروں صوبوں کے گورنرز کو بلایا۔ وزراء اعلیٰ کو بلایا لیکن سرحد کے وزیر اعلیٰ کو نہیں بلایا۔ ظاہر ہے، پھر غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں۔ ایک طرف مذاکرات ہوں۔ اخلاص اور محبت کا اظہار ہو، شفقت کا اظہار ہو اور ساتھ یہ بھی سلوک ہو تو یہ پھر کچھ عجیب سا لگتا ہے اور اب ظاہر ہے کہ اس وقت جو آپ یہاں بجٹ پیش کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے سامنے جو Finance Bill پیش کیا جا رہا ہے، یہ Legal Frame work Order کے تحت پیش کیا جا رہا ہے۔ اس لئے ہم اس پر احتجاج کرتے ہیں اور ہم اسے مانتے بھی نہیں ۔ اسے Legal Frame work Order کے تحت پیش نہیں کیا جانا چاہیے ۔اس پر ہمارا احتجاج اپنی جگہ پر جاری رہے گا ۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب رضا ربانی صاحب۔

**Mian Raza Rabbani:** Mr. Chairman Sir, I would like to draw your attention to the Order of the Day which states that a copy of the Finance Bill 2003 would be laid and I repeat a copy of the Finance Bill 2003 would be laid on the table of the Senate. The Order of the Day is in total violation of the Rules of Procedure of the Senate. It is illegal and violative of the Constitution. This act in its totality is unconstitutional. It is unconstitutional because under Article 73 Clause (I) of the Constitution of 1973, a money bill is to originate and to be passed by the National Assembly of Pakistan and it is not to be transmitted to the Senate of Pakistan.

This is very clearly stated in sub-clause (I) of Article 73 of the Constitution and therefore, as a consequence of that command of the Constitution, if you go through the Rules of Procedure and Conduct of

Business in the Senate 1988, you will find that there is no provision whatsoever for any sort of discussion to take place on a Money Bill whether it is transmitted or otherwise. You have yourself realised that and having realised that you have issued these directions under Rule 237 using your residuary power. I would also state that we are not against the principle of a Money Bill being sent to the Senate. We believe that it is good for the federation that a Money Bill should come to the Senate of Pakistan the smaller federating units can make their recommendations on it but for the moment we are constitutionally very clear on the fact that given the constitutional position, given the traditional position and given the historic position today the LFO is only a proposal of amendments and therefore, the proposed amendments by way of a proviso to Article 73 is not a part and parcel of the 1973 Constitution and therefore, the Order of the Day today and the laying of this copy of the bill in itself are unconstitutional and illegal. But even in the alternative Sir, even in the alternative if you look at it, the laying of the bill even under the LFO is itself faulty. It is faulty for the simple reason that if you go through the proviso to Article 73, the proposed amendments that it seeks to bring through the LFO. In the instant opening of the proviso it says, "provided that simultaneously when a Money Bill including a Finance Bill, containing the annual Budget Statement is presented to the National Assembly". "Simultaneously", would mean that the Senate Session should have been summoned at 3 'O clock alongwith the Session of the National Assembly and then the proposal contained in the LFO would

have been met the text, but further they talk about transmission, as the proviso goes further, a copy thereof shall be transmitted to the Senate, I would like to bring it to your kind attention sir, that only a bill duly passed by the National Assembly or duly passed by the Senate can be transmitted to another House. There cannot be a transmission of a copy of a bill which has been laid or presented to another House and therefore even under your own L.F.O. which we consider to be a set of proposals. The Order of the Day is illegal and un-constitutional and therefore, on behalf of the combined Opposition. I would like to state in unambiguous and totally clear terms that we believe that this act of laying the bill is un-constitutional as the Constitution of 1973 does not provide for it and we shall continue to oppose it during this session and afterwards as well. Thank you.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, my colleague would be obviously replying to the other matters which my learned friend has raised. But two technical points which he has raised; one that the copy of the Bill shall be transmitted simultaneously. Now, the Bill was placed or presented to the House at the end of the speech of the Finance Minister. It was not presented at 3 O'clock. The speech started at 3 O'clock and it ended at about 4 O'clock and when the speech ended, the Finance Minister presented the Bill before the National Assembly. As soon as it was presented, it was transmitted. Now, transmitted means sending it from one jurisdiction to another. Transmitted from the National Assembly to the

Senate. These days, even messages, fax messages, computer messages are transmitted all over the world and this is just across the lobby from here. So, therefore, I just thought I will give this clarification. Thank you, sir.

جناب چیئرمین: پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین ! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں اپنے دو محترم ساتھیوں حضرت مولانا نورانی، میاں رضا ربانی صاحب کے نکات سے مکمل اتفاق کرتا ہوں اور میرے عزیز ساتھی وسیم سجاد صاحب نے جس hair splitting کا مظاہرہ کیا ہے، جو دستوری اور قانونی زبان میں، میرے خیال سے، زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ایوان اور قومی اسمبلی عوام کے منتخب ہیں اور ساڑھے چار کروڑ عوام نے انہیں یہ ذمہ داری سونپی ہے کہ ملک کے دستور کو بحال کریں، جمہوریت کو آگے بڑھائیں۔ ہم قانون سازی کریں عوام کے مصائب و مشکلات میں ان ساڑھے تین سالوں میں اضافہ ہی ہوا ہے کمی نہیں ہوئی ہے۔ ان مسائل کے حل کی کوشش کریں۔

جناب والا ! قانون کی حکمرانی، جس چیز کا نام ہے اس کی روح ہے legitimacy، اگر کسی ایوان کو، اگر کسی قانون کو، اگر کسی بجٹ کو، اگر کسی تدبیر کو legitimacy حاصل نہیں تو وہ کبھی بھی کوئی خدمت انجام نہیں دے سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا میں ظلم ہوئے ہیں، دستور توڑے گئے ہیں، قانون کی خلاف ورزیاں ہوئی ہیں، لیکن اس کے باوجود یہ سب کچھ کرنے والوں کو کسی نہ کسی طرح legitimacy حاصل کرنے کی کوشش کرنا پڑی۔

اس ملک میں غلام محمد صاحب نے سب سے پہلے اسمبلی کو توڑا لیکن وہ بھی مجبور ہوئے کہ وہ وقت کی فیڈرل کورٹ کے پاس جائیں اور legitimacy حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اور فیڈرل کورٹ نے اپنی judgement میں، جس میں ساتوں جج الگ الگ judgement لکھتے ہیں وہاں ایک ہی بات کہی کہ کسی ایک فرد کو یہ اختیار نہیں کہ وہ قانون سازی کرے، دستور بنائے۔ اس لئے آپ کو نئی مقننہ تشکیل دینا پڑے گی وہ جو دستور بنائے گی اور جن قوانین کو

آپ نے رد کردیا ہے ۔ وہ ultra vires رہیں گے ۔ ایوب صاحب نے دستور کے خلاف اقدام کیا لیکن اس کے بعد بھی انہیں legitimacy حاصل کرنا پڑی ۔ یحیٰی کے زمانے میں یہی ہوا 1973 کا دستور اٹھا کر دیکھ لیجئے ، Article 269, Article 270, Article 270-A ایوب کے زمانے سے لے کر آج تک legitimacy لینے کی کوشش کرتے رہے ۔ جب 12 اکتوبر کو دستور کو suspend کیا گیا in abeyance لایا گیا اس کے بعد بھی انہیں legitimacy حاصل نہیں تھی جب تک کہ سپریم کورٹ نے validation نہیں کی اور اس کی validation کے ساتھ وہ سارا نظام چلاتے رہے تو جناب والا، کسی فرد کو یہ اختیار نہیں کہ وہ محض اپنی ذاتی مرضی سے دستور میں کوئی ترمیم کرے ۔ ضروری ہے کہ وہ پارلیمنٹ سے دستور میں جو طریقہ لکھا ہوا ہے اس کے مطابق legitimacy حاصل کرے۔ تو مسئلہ legitimacy کا ہے ۔ جس وقت امریکہ نے سیکیورٹی کونسل کی اجازت کے بغیر عراق پر حملہ کیا، ٹھیک ہے قوت تھی کر لیا لیکن اس کو دوبارہ سیکیورٹی کونسل میں آنا پڑا اور سیکیورٹی کونسل سے بات کرکے ، چاہے وہ fig leaf ہی سہی لیکن اس نے سیکیورٹی کونسل سے legitimacy حاصل کی۔ legitimacy حاصل کرنا ضروری ہے اور جب تک کہ ایل ایف او کو پارلیمنٹ approve نہیں کرتی اسے legitimacy حاصل نہیں ہوتی ۔ ہمارے لئے یہ اس لئے اہم ہے کہ جہاں تک قومی اسمبلی کا تعلق ہے 1973 کے دستور کے تحت وہاں بجٹ پیش کیا جانا جائز تھا لیکن سینیٹ میں یہ پہلی مرتبہ آ رہا ہے اور صرف اس amendment کی بنا پر آ رہا ہے جو Article 73 میں explained ہے جو ہماری نگاہ میں دستور کا حصہ نہیں ہے اس لئے کہ جب تک قومی اسمبلی اور سینیٹ دو تہائی اکثریت سے اس کو منظور نہیں کرتی اس وقت تک یہ سارے کا سارا معاملہ irrational ہے illegitimate ہے، law کے خلاف ہے۔ ہم اس کو accept ہی نہیں کرتے۔

میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک سینیٹ میں Finance Bill کے آنے کا تعلق ہے یہ ایک مثبت قدم ہے سینیٹ میں اس سے پہلے تین بار ایسا ہوا، میں حقیقت بتا دوں کہ میں خود اس کمیٹی میں تھا جس میں سرتاج عزیز صاحب اور جنرل سعید قادر بھی تھے ہم نے وہ رپورٹ دی تھی کہ کیا کیا تبدیلیاں ہونی چاہیئں تاکہ سینیٹ زیادہ موثر ہو اور اس کے اندر ایک بڑی اہم تجویز یہی تھی کہ سینیٹ میں Finance Bill کو آنا چاہیئے۔ یہ ایک اچھی چیز ہے ہم

اسے قبول کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ قبول کی جائے لیکن ایک اچھی چیز بھی جب تک کہ صحیح طریقے سے نہ آئے اس وقت تک اسے دستوری ، قانونی حیثیت حاصل نہیں ہوتی۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ قرآن پاک میں ایک بار نہیں بارہ مرتبہ سے زیادہ یہ بات کہی گئی ہے کہ اچھے اعمال بھی اس وقت قبول ہوں گے جب ایمان ہو' اگر ایمان نہ ہو' legitimacy نہ ہو تو اچھا عمل جو آپ کرتے ہیں تو اچھا عمل جسے آپ کہتے ہیں وہ بھی پامال ہو جاتا ہے ۔ میں اس سے آگے بڑھ کر یہ بات کہوں گا کہ قرآن سے بڑی چیز کیا ہوسکتی ہے لیکن آپ قرآن پاک کو بھی ہاتھ نہیں لگا سکتے جب تک کہ آپ پاک نہ ہوں۔ پاک ہونا ضروری ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے سے زیادہ اہم چیز کیا ہے۔ ہمارے لئے درود پڑھنا سب سے بڑی سعادت ہے لیکن نماز کے اندر اگر آپ درود غلط جگہ پڑھ لیں تو سجدہ سہو لازم ہے ۔ تو جناب والا! اصل issue یہ ہے، ہم کوئی جذباتی بات نہیں کر رہے ، ہم دلائل سے بات کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ آئیے حکومت کے افراد بھی اور اپوزیشن کے بھی، ہم سب کا مشترکہ فرض ہے کہ ہم دستور اور اس کے provisions کو legitimacy دیں اور اس کے بعد جو بھی اقدام کئے جانے ہیں، خواہ ان کا تعلق قانون سازی سے ہو پالیسی سے ہو' بجٹ سے ہو' وہ legitimate ہو تب ہی ہم اس ملک کے مسائل حل کر سکیں گے ۔ تو جناب والا' اس بنا پر ہم احتجاج کر رہے ہیں' دلائل کی بنیاد پر کر رہے ہیں ، حقائق کی بنیاد پر کر رہے ہیں جذباتی انداز میں نہیں کر رہے اور ہم توقع رکھتے ہیں کہ اس مسئلے پر حزب اقتدار حزبی یا سرکاری مفادات سے بالاتر ہو کر اپنے اور اس ایوان کے تمام ارکان، پوری کی پوری پارلیمنٹ کی عزت' اس کی sovereignty اور دستور کی بحالی کے لئے مل کر کام کریں گے۔ delaying tactics وقت ضائع کرنا' اس سے بدبختی بھی پیدا ہوتی ہے اور مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں اس لئے یہ کام مسلسل کیجیئے، مل کر کیجئے ہم تعاون بڑھا رہے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ جب تک ان تبدیلیوں کو پارلیمنٹ اپنی آزاد مرضی سے، ضروری ترامیم کے ساتھ ، تبدیلیوں کے ساتھ قبول نہیں کرتی یہ illegitimate ہے یہ ultra vires ہے ، اس کی کوئی حیثیت نہیں اور ہم اس کے خلاف ہر معقول شکل میں احتجاج جاری رکھیں گے۔ آپ کا شکریہ۔

سید ہدایت اللہ شاہ: جناب والا! میں صرف اس طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ہمارے صوبہ سرحد میں پوری اسمبلی کو ہمارے وزیر اطلاعات نے جاہل کہا ہے۔ جب بھی یہاں افہام وتفہیم کی بات چلتی ہے تو کچھ ایسے گروپ پیدا ہوجاتے ہیں جو اس کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لہٰذا میں آپ کی وساطت سے احتجاج کرتا ہوں کہ ہمارے وزیر اطلاعات صاحب اپنی زبان کو ذرا لگام دیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ صوبائی حکومت کے انتظامی معاملات میں مداخلت کی جارہی ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں ایک پوائنٹ آپ کا آ گیا' اب ان کو سن لیں۔ ٹائم تھوڑا ہے' مہربانی فرما کر بیٹھ جائیں۔ جی شیخ صاحب۔

شیخ رشید احمد: جناب چیئرمین! انہوں نے خود اپنے بارے میں بڑا غیر پارلیمانی ' غیر مہذب جملہ استعمال کیا ہے کہ میں نے جاہل اور گنوار کہا ہے۔ میں یہ گستاخی کبھی نہیں کرسکتا۔ جب اس issue پر بحث ہو رہی تھی تو میں نے سیاسی ان پڑھ ضرور کہا اور اگر سیاسی ان پڑھ پارلیمان کی زبان میں ایک non political لفظ ہے' اگر وہ غیر مہذب لفظ ہے۔۔ اور میں نے مجلس عمل کو بھی نہیں کہا' میں نے اس action کو کہا جو کہ صوبہ سرحد میں روا رکھا گیا اور political parties میں ایسی چھوٹی موٹی باتیں لگی رہتی ہیں لیکن یہ کہنا کہ میں نے جاہل اور گنوار کہا ہے' میں کبھی بھی اپنی کہی ہوئی بات سے انکار نہیں کرتا' یہ میں نے کبھی نہیں کہا ہے اور زندگی میں کبھی بھی میں نے اپنی کہی ہوئی بات کبھی واپس نہیں لی' کبھی معذرت نہیں کی اور اپنی سیاسی history میں کبھی کسی بیان کی بھی تردید نہیں کی اگر غلط بھی لگ گیا ہو۔ میں ان کا احترام کرتا ہوں۔ جو لفظ میں نے کہا وہ کہا' اس سے زیادہ بات نہیں کی۔ یہ پارلیمان کی تاریخ میں استعمال ہوتا رہا ہے' اگر آپ پرانی ڈکشنری دیکھ لیں' پرانا ریکارڈ دیکھ لیں۔ یہ جملہ جو انہوں نے کہا ہے وہ میں کبھی نہیں کہہ سکتا اور نہ وہ میں نے کہا۔ جو میں نے کہا وہ پارلیمان کی history میں استعمال ہوتا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: جی اسحاق ڈار صاحب۔

جناب محمد اسحاق ڈار: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ میرے ساتھی جناب مولانا نورانی صاحب' رضا ربانی صاحب اور پروفیسر خورشید صاحب نے جو legal and constitutional issues

کو explain کیا میرے خیال میں اس میں کوئی ambiguity نہیں ہے ۔ اپوزیشن کا stand بڑا clear ہے ۔ Basically آپ نے دیکھا کہ یہ clear message ہے، یہ ایک اچھی چیز ہے لیکن چونکہ اس کو legitimacy نہیں مل رہی اور جو legality ہونی چاہیئے تھی، جو process follow ہونا چاہیئے تھا وہ ابھی تک نہیں ہوا ۔ وہ اگر ہوا ہوتا تو آج ایسا نہ ہوتا۔ جس کی وجہ سے میرا خیال ہے کہ آج پارلیمان کے ان دونوں houses کی ذمہ داری اس بجٹ سے کچھ زیادہ ہوگئی ہے۔ اس ملک میں تین سال پارلیمنٹ نہیں تھی یا وہ suspended تھی یا وہ dissolve ہوگئی تھی اور .there is a gap of three years

جناب چیئرمین ! ان تین سالوں میں ہم نے ایک دفعہ، دو دفعہ، تین دفعہ اس کو ignore کیا اور اگر ہم نے چوتھی دفعہ بھی ignore کیا تو میرا خیال ہے کہ یہ قوم ہمیں معاف نہیں کرے گی اور تاریخ ہمیں معاف نہیں کرے گی۔ یہ establish ہونا چاہیئے کہ تین سال جو undemocratic rule اس ملک میں تھا، کیا وہ ایک سول گورنمنٹ سے بہتر تھا یا اس کی performance civil government سے بری تھی؟ آپ بھی پڑھتے ہیں، میں بھی پڑھتا ہوں اور یہ بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس قوم کو mislead کیا جا رہا ہے ۔ اس قوم کو غلط اعداد و شمار دیئے جاتے رہے ہیں اور غلط tall claims ہوتے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین ! 12 economic indicators میں سے 9 key indicators کی اس ملک میں پچھلے تین سال ملٹری رول میں تباہی ہوئی ہے ۔ آپ غریب آدمی کو دیکھیں کہ اس کے ساتھ کیا ہوا ؛ per capita income کی تباہی ہوئی۔ پانچ سو ڈالر سے ہم 420 پر آ گئے۔ آج ہم خوشیاں منا رہے ہیں کہ پچھلے سال میں ہم 460 ڈالر پر چلے گئے ہیں۔ ہم نے ان تین سالوں میں مزید چودہ ملین لوگوں کو poverty line کے نیچے دھکیل دیا ۔ تین سال میں ایک کروڑ چالیس لاکھ لوگوں کو۔ آج ہم خوشیاں منا رہے ہیں کہ ہم نے 12 یا 13 لاکھ لوگوں کو، 0.8 % کو ہم نے poverty line سے واپس کھینچ لیا۔ آج ہم unemployment کو دیکھیں جناب والا! 10 لاکھ کے قریب پچھلے تین سال میں unemployment بڑھی ہے۔ اگر کسی اور ملک میں یہ ہو---

جناب وسیم سجاد: میرے خیال میں bill present ہو جائے تو پھر بجٹ پر

speech کرلیں، یہ مناسب ہو گا۔

جناب محمد اسحاق ڈار: میں تو بجٹ پر تقریر ہی نہیں کر رہا۔ میں ایک point of view بتا رہا ہوں اور وہ بڑا national ہے۔ میرے خیال میں اس پر بات کرنے کی مجھے اجازت دیں، آپ کی مہربانی ہو گی۔

جناب وسیم سجاد: میری یہ suggestion تھی کہ bill present ہو جائے پھر تقریر کرلیں۔

Mr. Muhammad Ishaq Dar: Wasim Sajjad Sahib, we have agreed a certain process. I think, I am just following that process. I have to make my duty known to the public what is reality

جناب چیئرمین: وہ آپ اپنی speech میں کرلیں۔

جناب محمد اسحاق ڈار: جناب والا! ہم نے بجٹ کو discuss کرنا ہے۔ میں یہ propose کر رہا ہوں کہ first of all, major issue is کہ اس ہاؤس کی جو entitlement ہے اس کو legitimize کیا جائے۔ اس کے بعد میں یہ propose کر رہا ہوں and it will be a great service to the history of Pakistan and the people of Pakistan that we should put on record what was the truth of three years. Sir, there have been false claims. 12th of October, 1999 کو پاکستان کی currency 52 روپے پر تھی today it stands 58 and we take pride کہ 64 سے ہم نے 58 کر دیا ہے We have caused a loss of 200 billion rupees to this poor country in the name of that thing. We have under sold Pakistan, by under claiming 11 billiondollars and I can prove you Mr. Chairman, that the loss as aconsequence of our being party to the war on terrorism against Afghanistan was around 12 to 13 billion dollars. میں پچھلے ڈیڑھ سال سے یہ شور مچاتا رہا لیکن کسی نے میری بات نہیں سنی۔ آج United States Centre Command نے خود اپنی web site پر کہا کہ پاکستان will suffer total loss

جناب! ہم خدا کے لئے سچ بات کریں---- ٹھیک ہے پچھلے سال کے کچھ around 10 billion dollar economic indicators اچھے ہیں۔ Exports اچھی ہوئی ہیں۔ ہمارے reserves بڑھے ہیں۔ لیکن that is the different reason, unearned money تو میری گزارش یہ ہے کہ اگر میں 'if' لگا رہا ہوں کہ

As and when this legal process is complete and this House has a legal right and legal responsibility to debate the budget, I would request you, sir, that it would be a great service, in the history, to the people of Pakistan that we should deliberate the three years, if South Africa can have Truth Commission during the turmoil period as we had, I think we also owe this to the nation that we should put a Truth Commission or a joint committee of the two Houses and compare the facts and figures and just put it on record. So, that is the only way we can avoid 5th and 6th Martial Law. Thank you very much, Mr. Chairman.

**جناب چیئرمین:** جی جناب ثناء اللہ بلوچ صاحب۔

**جناب ثناء اللہ بلوچ:** شکریہ جناب چیئرمین۔ کہنے کو تو آج 7 جون سنہ 2003ء کو بڑی خوشی کی بات ہے کہ وفاق کے سب سے سپریم ادارے' ایوان بالا میں ہم منی بل پیش کر رہے ہیں اور وفاق کے تمام نمائندوں کو یہ موقع فراہم کر رہے ہیں کہ وہ منی بل پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ لیکن افسوس کے ساتھ یہ بھی کہنا پڑتا ہے کہ 21 ویں صدی میں بھی ہم نے federation کی بنیادوں کو' federation کی دیوار کو ٹیڑھی کھڑی کرنے کی قسم کھائی ہوئی ہے۔ اور ایل ایف او کے تحت عوام کی خواہشات' عوام کے احساسات' عوام کی سفارشات کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے LFO کے تحت دوبارہ federation کی دیواروں کو کھڑا کرنا ' وہی غلطی ہوگی جو ہم نے 1971ء میں کی۔ آج کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ جو جھوٹ کے پلندے ہمارے سامنے پڑے ہوئے ہیں' اس جھوٹ کو بھی سچ ثابت کروانے کے لئے 1973ء کے آئین میں

ایک آرٹیکل ہے جسے آرٹیکل 160 کہتے ہیں، جس کے تحت بجٹ لانے سے پہلے ایک قومی مالیاتی کمیشن تشکیل ہوتا ہے۔ اس قومی مالیاتی کمیشن میں پھٹے پرانے کپڑے پہننے والے صوبے والے بھی، ٹائی والے صوبے والے بھی اور اچھے وائٹ کالر والے صوبے بھی اور industrial provinces سے تعلق رکھنے والے لوگ آ کر سفارشات مرتب کرتے ہیں اور پھر ایک بجٹ بنتا ہے جسے فیڈرل بجٹ کہا جاتا ہے۔ لیکن افسوس کی بات ہے جناب والا! کہ سات سال سے Constitution کے Article 160 کے تحت NFC Award کی تشکیل نہیں ہوئی۔ اور آج جبراً جس کو فیڈرل بجٹ کہا جا رہا ہے، ہم کہتے ہیں کہ یہ اسلام آباد کی سول ملٹری بیوروکریسی کی خواہشات پر مبنی ایک جھوٹ کا پلندا ہے۔ جسے NFC کی تشکیل کے بغیر چھوٹے صوبوں پر تھوپنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور چھوٹے صوبے کے وزیراعظم کے سائے میں۔ یہ ایک ایسی ناانصافی ہے جسے اگر 1970ء کے خون آلود دنوں اور شاموں سے بھی تعبیر کیا جائے تو کم ہوگا۔ جناب والا! اگر آپ تمام چیزیں آبادی کی بنیاد پر تقسیم کرتے ہیں، بلوچستان میں آبادی کا ratio کم ہوا ہے۔ ہم 5.3 سے 5.1 پر آ گئے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** بلوچ صاحب یہ آپ جب بجٹ پر بات کریں گے تو اس وقت کر لیجیئے گا۔

**جناب ثناء اللہ بلوچ:** جناب والا! قومی مالیاتی کمیشن کی تشکیل بجٹ سے پہلے کا مرحلہ ہے۔ وہ صدر کو اپنی سفارشات مرتب کر کے پیش کرتا ہے۔ اور انہی سفارشات کے تحت دونوں ایوانوں میں بجٹ پیش ہوتا، پھر اس کے بعد جا کر بجٹ بنتا ہے۔ جناب والا! یہ سارا جھوٹ ہے۔ جس طرح LFO جھوٹ ہے، اسی طرح یہ دوسرا جھوٹ ہے، پھر تیسرا جھوٹ ہے، یہ وفاق کب تک ایسے جھوٹ برداشت کرتا رہے گا۔ یہ دب گیا ہے جناب والا! ہم کم از کم چھوٹے اور مظلوم صوبے والے اس وفاق میں ایسی گھٹن محسوس کر رہے ہیں کہ ہمارے اوپر آئینی جبر، ہمارے اوپر وفاقی جبر، ہمارے اوپر فوجی جبر، ہمارے اوپر مالیاتی جبر، یہ سارے کے سارے جبر اور mega projects کے نام پر ایک mega استحصال کا عمل ہمارے اوپر جاری ہے۔ یہ جھوٹ، چوری، ڈکیتی ہے۔ ہم کو develop کرنے جا رہے ہیں اور ہمارے ہی خزانے پر ہاتھ ڈالنے کی

کوشش کی جا رہی ہے۔

جناب والا! وفاق کو چلانے کے لئے ایک دستور ہے۔ یہ سارے جھوٹ ایک طرف، جناب والا! آپ Constitution violate کریں گے۔ دس ہزار ایسی کتابیں یہاں رکھوا دیں، اس طرح سے وفاق نہیں چلا کرتے، اس طرح سے ملک نہیں چلا کرتے۔ جس طرح میرے دوستوں، میرے محترمین نے کہا کہ کم از کم اب ہم اس حقیقت کا ادراک کریں کہ آج اکیسویں صدی میں اس ملک کی دیواریں سیدھی کھڑی کریں۔ اگر یہ دیواریں اسی طرح ٹیڑھی کھڑی کرنی ہیں اور پھر یہ دیواریں گر جاتی ہیں، تو اس وجہ سے اس کے سائے میں رہنے والے ہم سب کو نقصان ہے۔ خدارا! آج ہم دوبارہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے چھوٹے صوبے کے وزیراعظم کے سائے میں، چھوٹے صوبوں کے خلاف یہ NFC ایوارڈ کی تشکیل کے بغیر، جو سازش کی گئی ہے، اس سلسلہ میں سندھ، سرحد اور بلوچستان نے واضح اور تحریری طور پر کہا ہے کہ ہم NFC ایوارڈ کے تحت اس بجٹ کو تسلیم نہیں کریں گے۔ وزارت خزانہ میں خطوط پڑے ہوئے ہیں، ان کے احتجاج پڑے ہوئے ہیں لیکن جناب والا! ایک صوبے کی خوشنودی کے لئے سارے وفاق کو تہس نہس کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

جناب والا! اس لئے ہم کہتے ہیں کہ جس طرح LFO ناجائز ہے، اسی طرح یہ بجٹ وفاق کی روح کی، وفاق کی روایات کے منافی ہے اور اس بجٹ کو پیش ہونے سے پہلے ہی ہم تسلیم نہیں کرتے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

**جناب چیئرمین:** جی مولانا سمیع الحق صاحب۔

**مولانا سمیع الحق:** جناب چیئرمین! ملک جن مشکلات اور بحرانوں کا شکار ہو رہا ہے، اس وقت ہمیں ایک مفاہمت اور یکجہتی کی ضرورت ہے۔ اسی مفاہمت اور یکجہتی کے جذبے سے ایک طویل عرصے یعنی پانچ چھ مہینے سے ہم نے اپنے دروازے کھلے رکھے ہیں اور مسلسل مذاکرت کر رہے ہیں۔ مذاکرات ایک نکتے تک پہنچ جاتے ہیں، ہمیں خوشی ہوتی ہے کہ ہماری محنت رائیگاں نہیں جا رہی ۔ گویا نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ پوری پوری رات کی شب خیزی کا بھی ابھی آپ نے ذکر سنا۔ اس ساری exercise کے ساتھ اچانک حکومت ہمارے اس مفاہمت کے جذبے سے ہٹ

کر مزاحمت کے راستے پر چل پڑتی ہے۔ ہمیں اس کے اسباب معلوم نہیں ہوتے کہ درپردہ محرکات کیا ہیں؟ یعنی اچانک ایسے بیانات شروع ہو جاتے ہیں جو غیر ضروری ہوتے ہیں۔ جس سے گویا دل آزاری ہوتی ہے، حتیٰ کہ ہمارے اہم ترین وزراء کرام یا وزیراعظم صاحب کی طرف سے بھی غلط یا صحیح منسوب کر کے ایسے بیانات آجاتے ہیں جن سے مذاکرات کی فضاء متاثر ہوتی ہے۔

جناب والا! پچھلے ایک ہفتہ میں صوبہ سرحد کے ساتھ جو سلوک کیا، وہاں ان کے مذاکرات بہت اچھے جا رہے تھے، ایک نتیجے تک پہنچ رہے تھے، لیکن اچانک ایک بھونچال آ گیا، ہم خود حیران تھے۔ آج ہم یعنی مجلس عمل کے لوگ جمع ہو کر یہ سوچ رہے ہیں کہ اچانک راتوں رات ایک بگولہ اٹھتا ہے اور صوبے کے خلاف اقدامات ہوئے، انتظامی امور میں تبدیلی لائی گئی اور ناظمین کو اٹھا کر صوبائی حکومت کے خلاف کھڑا کیا گیا، ان سے استعفے دلوائے گئے۔ شریعت بل ایک ایکٹ ہے۔ صوبائی حکومت کو حق ہے کہ وہ کسی بھی موضوع پر اپنا ایکٹ پاس کروا سکتی ہے۔ انتہائی محتاط طریقے سے شریعت بل صوبائی حکومت نے پیش کیا جو آئین کے ماورا نہیں تھا، وہ صوبے کے دائرہ اختیار میں تھا۔ ابھی وہ سفارشات کی حد تک تھا لیکن اس کے خلاف بھی ایسے بیانات شروع ہو گئے۔ ہم سمجھتے ہیں اس سے وہ جذبات، وہ فضاء متاثر ہو جاتی ہے۔ خدارا! ہم سب کو اب مفاہمت کا راستہ ترک نہیں کرنا چاہیئے۔ مزاحمت کی روش ترک کر کے گیند اب حکومت کے کورٹ میں ہے۔ میں انصاف سے کہتا ہوں کہ ان کی طرف سے کسی قسم کی کوئی پیش قدمی نہیں نظر آ رہی ہے۔ اگر اس راستے پر ہم چل پڑے ہیں تو خدانخواستہ ملک ایک بہت بڑے بحران میں مبتلا ہو گا، ہم ایسا نہیں چاہتے ہیں۔ یہ تبدیلی کا عبوری دور ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ تبدیلی کے اس عبوری دور میں ہم اصلی جمہوریت کی طرف منتقل ہو جائیں اور جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی آ جائے۔ خدا کرے کہ ہمارے وزیراعظم صاحب اور حکومت کی جو مذاکراتی ٹیم ہے وہ اس ساری جدوجہد کو رائیگاں ہونے سے بچائیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ جی جناب اسفند یار ولی صاحب۔

جناب اسفند یار ولی: جناب چیئرمین! باقی legalities کی تو میں بات نہیں کر سکتا میں کوئی وکیل نہیں ہوں، سیدھا سادا political worker ہوں۔ ایک دن ہمیں PM House

بلایا گیا اور خوشگوار ماحول میں ایک کمیٹی بنی۔ یہ امید شاید خوش فہمی کی ہو یا جو بھی ہو لیکن ایک امید ہم لے کر گئے کہ ایک بحران ہے جو ہمارے سامنے ہے، ہمیں یہ امید تھی کہ ہم اس کو پار کر کے we come to the basics, جناب چیئرمین! ہم جو چھوٹی پارٹیاں ہیں ہم تو اس مذاکراتی ٹیم کا حصہ بھی نہیں تھے، ہمیں تو آج تک حقیقتاً یہ بھی نہیں پتا کہ کمیٹی نے کیا کیا، اور رپورٹ میں کیا ہے، کیا نہیں ہے؟ لیکن اخبارات سے ہم نے جو کچھ پڑھا جناب چیئرمین! ہر ایک اٹھ کے یہی کہتا ہے کہ ہم نے system کو save کرنا ہے۔ اب system کو save کرنا ہے تو پھر اپنی ego کی قربانیاں لوگوں نے دینی ہوں گی۔ آپ کی وساطت سے جناب چیئرمین! اتنا ہی صرف request کر دوں کہ ذاتی انا سے اس system، اس ملک اور اس قوم کی انا زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ آج حقیقتاً اگر کسی اور طریقے سے یہ کتابیں ہمارے سامنے رکھی جاتیں تو ہم جو چھوٹے صوبوں والے یہاں بیٹھے ہیں ہم سے زیادہ خوش کوئی دوسرا بندہ نہیں ہوتا۔ میں تو کہوں گا خدا یہ ہمت جمالی صاحب کو دے کہ یہ amendments بھی ساتھ لے آئیں۔ Let the Senate vote on the budget, I will be the first person to welcome it on the floor of the House. لیکن جناب چیئرمین! اس پر بالکل we are very clear, we accept only those amendments to the 1973 Constitution which are brought here under the provisions that have been given in the 1973 Constitution. That is all I want to say.

**جناب چیئرمین:** جی جمالی صاحب کو تقریر کر لینے دیں پھر میں آپ کی طرف آتا ہوں۔

**میر ظفر اللہ خان جمالی، وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان:** حقیقت یہ ہے میں تو آج صرف اپنے دوستوں کو عزت دینے کے لئے یہاں حاضر ہوا تھا، بولنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ کچھ باتیں میں اتفاق سے سن بیٹھا، اپنا فرض سمجھا کہ جو حقائق ہیں وہ سامنے آ جائیں تو بہتر ہے۔ حقیقت تلخ ضرور ہوتی ہے۔ اگر صحیح بیان نہ کریں تو اس کو میں اچھا تصور نہیں کرتا اور اگر کوئی سچائی چھپائی جائے تو یہ بھی اچھی چیز نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں دو، تین چیزوں کے بارے میں عرض کر دوں کہ جب یہ LFO کا مسئلہ چلا، یہ گورنمنٹ بننے سے پہلے کا معاملہ ہے۔ ابھی صرف elections ہوئے تھے اور اس کے بعد یہ سلسلہ چل پڑا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ ۲۹ اکتوبر ۲۰۰۲ء سے یہ سلسلہ چلا ہے۔ پہلی دو meetings میں، میں خود بھی اپنے ساتھی Party President Ch. Shujaat Hussain کے ساتھ موجود تھا۔ بعد میں میں drop out ہوا اور colleagues چلے گئے، اس وقت متحدہ مجلس عمل کے ساتھ رابطہ چل رہا تھا اور ۲۸ نکات تھے جن پر یہ سلسلہ شروع ہوا۔

ہماری گورنمنٹ بننے سے پہلے ۲۱ نکات پر MMA اور پاکستان مسلم لیگ اور ہمارے حلیف دوست متفق ہوئے ۔ بہرحال بات الیکشن کی آ گئی وزارت عظمیٰ کے لئے، سپیکر اسمبلی، ڈپٹی سپیکر اسمبلی، بعد میں چیئرمین سینیٹ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، نتائج آپ کے سامنے ہیں۔ درمیان میں باتیں کافی حد تک ٹھنڈی پڑ گئیں۔ اس کے بعد جب قومی اسمبلی میں احتجاج شروع ہوا، تو ہم نے دوبارہ پارلیمنٹ سے باہر رہتے ہوئے سوچا کہ اس پہلو پر سوچا جائے اور بات کی جائے، عین ممکن ہے کہ اس کا کوئی حل نکل آئے۔ میری درخواست تھی، میں نے تمام دوستوں سے درخواست کی کہ آئیں، مہربانی کریں ،بیٹھ کر بات کرتے ہیں۔ میں ان کا مشکور ہوں کہ بلا جھجک، بلا کسی reservation کے تمام بزرگوار، Parties, head آئے ہماری دو meetings ہوئیں۔ پہلی میٹنگ میں کچھ جو minority اپوزیشن پارٹیاں تھیں وہ نہیں آسکیں۔ ہماری side سے بھی اور اپوزیشن کی side سے بھی پہلی میٹنگ میں طے ہوا کہ تمام پارٹی سربراہوں کو بلانا چاہیئے۔ ہم نے دوبارہ درخواست کی کہ براہ کرم سب تشریف لائیں۔ اس میں یہ فیصلہ ہوا کہ dialogue open ہو گا اور کمیٹی بنائی جائے گی۔

اس سے پہلے کہ committees کا ذکر کروں۔۔ اسی اثنا میں انڈیا کے ساتھ ہمارا بات چیت کا سلسلہ شروع ہونے والا تھا۔ میں نے پھر دوبارہ اپوزیشن سے درخواست کی اور سارے حضرات تشریف لے آئے ۔ میں ان کا مشکور ہوں، ان کی مہربانی تھی۔ اس موقع پر تمام political parties نے ہماری حمایت کی کیونکہ پاکستان کا مسئلہ تھا، پاکستان کا معاملہ تھا۔ میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اب آتے ہیں کمیٹی کی بات پر۔ نورانی صاحب نے 21 نکات جن پر پہلے تصفیہ ہو چکا تھا، جس پر تمام حضرات کے دستخط تھے، وہ پڑھ کر بھی سنایا اور سامنے پیش

بھی کیا۔ چوہدری شجاعت صاحب نے من و عن قبول کیا۔ باقی سات نکات رہ گئے تھے۔ چار مرتبہ ہم، تمام حضرات موجود تھے، شجاعت صاحب نے قاضی حسین احمد صاحب سے گزارش کی کہ کون کون سے نکات ہیں جن پر ہم نے بات کرنی ہیں۔ سات نکات جو رہ گئے تھے انہوں نے کہا کہ یہی سات نکات ہیں اور کوئی نکات نہیں۔ انہی سات نکات کے لئے کمیٹی بنائی گئی۔ پانچ افراد اپوزیشن بینچوں سے اور پانچ گورنمنٹ سے لئے گئے۔ جن جن کو اپوزیشن نے مدعو کیا انہوں نے خود کیا۔ اور جن parties کو ہم نے مدعو کرنا تھا ہم نے ان کو مدعو کیا۔ انہی سات نکات پر، مزید نہیں، اس کا میں بھی گواہ ہوں۔ جو وہاں پر بیٹھے ہوئے تھے سارے گواہ ہیں۔ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ میں مشکور ہوں کمیٹی کا کہ انہوں نے تقریباً سولہ دن، دن اور رات متواتر دو دو سیشن چلا کر محنت کی اور جب کمیٹی نے رپورٹ دی جو حکومتی بینچوں کی رپورٹ تھی انہی سات نکات پر، وہ اپنی جگہ پر تھی، پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ان ساتوں نکات کو reject کیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین نے تقریباً ڈیڑھ نکات پر نیم رضا مندی ظاہر کی، مزید نہیں اور ایم ایم اے نے ان سات نکات پر اپنے views دینے کے باوجود سترہ نکات اور ڈال دیئے۔ حقائق نامہ یہی تھا۔ اس کے بعد پھر بھی ہم نے چاہا کہ ہمارا dialogue جاری رہے۔ یہاں پر نورانی صاحب نے فرمایا کہ ساری رات ہم جاگتے رہے ہیں۔ واقعی جاگتے رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ اور کچھ دوستوں نے کہا کہ ہمیں پتہ نہیں تھا۔ طے یہی ہوا تھا کہ Treasury Benches اور صرف ایم ایم اے بیٹھ کے بات کریں گے۔ اگرچہ انہوں نے باقی اپنے Opposition کے دوستوں کو نہیں سنبھالا۔ اس کے ہم ذمہ دار نہیں ہیں، ایم ایم اے خود ذمہ دار ہے۔ ساری رات بیٹھے رہے۔ وہاں پر بات بنتی بھی تھی، بگڑتی بھی تھی۔ وہاں پر stance ہی کچھ اور تھا۔ رات کے گیارہ بجے سے لے کر صبح کی اذان تک جب ساڑھے چار بجے اذان ہوئی میں نے سوچا کہ سارے اپنے اپنے گھروں میں جا کر فجر کی نماز پڑھیں اور indirectly یہی ہوا کہ جناب معاملہ ختم۔ خیر سوچتے رہے اس پر کہ یہ اچھی بات نہیں ہے۔ اس کے باوجود پھر میں نے چوہدری شجاعت صاحب سے request کی کہ جناب آپ مہربانی کر کے دوبارہ dialogue resume کریں۔ میری درخواست پر انہوں نے دوبارہ dialogue resume کیے۔ باتیں چلتی رہیں مگر یہ کہنا کہ جناب ہمیں دوبارہ نہیں بلایا گیا اور پرائم منسٹر صاحب نے آنے کی درخواست نہیں کی اس کی وجہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں۔

یہی وجہ تھی کہ صرف ایم ایم اے بات کرنا چاہتی تھی۔ آج بھی ہمیں حکم کریں میں حاضر ہوں۔ مجھے حکم کریں میں چل کر جاؤں گا، ایسی کوئی بات نہیں۔ میری انا کا مسئلہ نہیں، میرا کوئی ذاتی عناد کسی سے نہیں، نہ میرا نہ میری cabinet کا، نہ میری گورنمنٹ کا۔ میری گورنمنٹ نہیں، یہ ہماری گورنمنٹ ہے، ہم سب کی گورنمنٹ ہے۔

مسئلہ یہ ہے جناب چیئرمین صاحب اگرچہ انسان بات کرتا ہے تو اس پر قائم رہتا ہے۔ ان سترہ پوائنٹس کے بعد پھر دس پوائنٹ اور آئے یعنی سترہ میں سے دس پر تو ہم agreement کرتے ہیں باقی سات پھر رہ جاتے ہیں۔ یعنی ہر میٹنگ میں مختلف پوائنٹس آتے رہے ہیں، ہم سنتے بھی رہے، پڑھتے بھی رہے، سمجھنے کی کوشش کی۔ بدقسمتی سے میری سمجھ سے کچھ باتیں بالاتر تھیں۔ جناب چیئرمین! حتی الوسع کوشش کی ہے اور کر رہے ہیں۔ مجھ سے آج بھی پریس کے دوستوں نے پوچھا کہ کیا آپ کے dialogue بند ہو گئے ہیں؟ میں نے کہا جی dialogue ہمارے بند نہیں ہوئے، ہم چلائیں گے۔ ان dialogues کا مجھے ذاتی طور پر کوئی فکر نہیں ہے، آپ یقین مانیئے، میں سارے ہاؤس کے سامنے کہہ رہا ہوں۔ لوگوں کو پاکستان کی فکر کرنی چاہیئے۔ جو message ہم باہر بھیج رہے ہیں وہ کس قسم کا message جا رہا ہے۔ اگر کوئی جھگڑا ہے تو جھگڑے کو چار دیواری کے اندر رکھیں، چار دیواری کے باہر اچھے نہیں لگتے۔

یہاں پر یہ بھی کہا گیا کہ پچھلے تین سال کی جو گورنمنٹ تھی اس کے متعلق کچھ کہا جائے، سوچا جائے۔ جناب چیئرمین! اگر ہر تین سال کی گورنمنٹ کا سوچتے رہیں تو پچھلی پانچ، چھ گورنمنٹس نے ساڑھے تین تین سال کا عرصہ تقریباً گزارا ہے۔ کیا تمام گورنمنٹس کا ہم تین تین سال کا جائزہ لیں گے کہ وہ کیا کرتے رہے ہیں۔ پچھلے سے پچھلے ادوار میں تین سال کی گورنمنٹس کے نتائج کیا تھے؟ اگر وہ ادوار ایسے نہ ہوتے تو ہمیں پچھلے تین سال کیوں دیکھنے پڑتے۔ اس سے پہلے تین سال جو تھے وہ ایسے نہ ہوتے تو ہمیں یہ دن کیوں دیکھنے پڑتے۔ اس سے پہلے جو تین سال اور تھے وہ نہ ہوتے تو ہمیں یہ دن کیوں دیکھنے پڑتے۔ یہ ایک متواتر سلسلہ چلا ہے ابھی

everyone is more holy than the Pope himself, we just have a look in ourselves what we have been doing. From these very parties, these very

honourable members of this Parliament, there have been Ministers serving under a President with a uniform. When we sit with you, we want to discuss with you. Let us be open to discussion. Either you please convince us or let us convince you. This is a set up which is a requirement for all of us. I must admit this is a transitory phase if we cannot cope up and work together in a transitory phase what justice then to be expected in the phases that are to follow. We have already been tried under those types of justices. We had already been under those *Jamhoori Adwars* as we called them as members of the Opposition, we had to face a lot but we never acted in a manner or action that is happening today, it is very unfortunate. A friend and colleague of mine from Balochistan says that I am being used as a Prime Minister from a smaller province. That is besides the point, we have to work your way up. The days of sentiments are over, the days of pressurisation are over. I assure you Mr. Chairman, I think in all faith and goodness, I had requested the Opposition, I request them again. Today in the National Assembly, it was not my budget Mr. Chairman, this was a budget for the nation, for a hundred and forty million people for whom now the Opposition is trying to talk. We were giving a budget to the nation, not to Zafarullah Jamali. They don't want to listen to that, they don't want to give a patient hearing to that and then still we insist that we are parliamentarians.

What happened in the Frontier Assembly, I tell you one thing Mr. Chairman pick-up the Shariat Bill of 2nd June 2003. Pick-up the Shariat Bill

of 1991, the full stop, the inverted commas, the semicolon, everything is the same, nothing new. Just a repetition or reproduction on the floor of the House and the "Youm-e-Tashakar" in Frontier. As if we are not Muslims, we don't believe in Sharia, we don't pray five times a day, we don't read the Holy Quran, we all do that. We have born as a muslim in a muslim house and this is what we are supposed to do. We are supposed to preach.

Another remark was made that there was a meeting here and the Chief Minister of Frontier was not invited. I must correct the facts and figures Mr. Chairman, it was a Law and Order meeting for Sindh and Punjab. Even the Governor and Chief Minister of Balochistan were not invited and the propaganda going around by the Opposition is that the Chief Minister of Forntier was not invited. I requested him personally day before yesterday. He was very kind. He came along, we were together, yesterday we were together. He has been very respectful, I have been more respectful than that. We sat and talked, discussed as brothers. Just to malign an office, to make an issue it was raised that C.M. Frontier was not called for this meeting. It did not pertain to Frontier. It did not pertain to Balochistan, it pertained only to Sindh and Punjab provinces. Now I as a Prime Minister can't be held hostages for calling meeting for Law and Order.

This. I think I would leave to the House. I leave to their better judgement. If I have to call a meeting of one province then why should I ask all the four provinces to attend. I see no reason, I see no justification.

Now where these issues are played up and played up for the press, it is very unfortunate. There are so many things happening around. I requested everybody. I requested the press that please if there are such things, get it confirmed from us. Let us know. If there is something wrong, we will admit yes this is wrong. *Allah* has given us enough courage to say so. But if there is nothing wrong with something right, please believe us. Just off the cuff you can't say anything. Day before yesterday, I had a meeting with Chief Minister of Frontier and I had another meeting with him yesterday and today a lead in the press, the banner news

"وفاقی حکومت نے وزیر اعلیٰ فرنٹیئر سے معذرت کر لی ہے"۔

(اس موقع پر پریس واک آؤٹ کر گیا)

میر ظفر اللہ خان جمالی: آپ لوگ بیٹھیں سنیں میرے بھائی

This is entirely up to you, I have requested you and it is entirely up to you. This is exactly what I have been saying that please listen to us and if you want to criticise us, by all means, it is your prerogative, your right.

جناب چیئرمین: بات کرنے دیں please.

Mir Zafarullah Khan Jamali: But let it be a positive approach. This is all that I had to say, I had to give the clarifications because certain things were not correct. I felt it my duty to put it on record, so that in furture, we don't have misconceptions about certain corrections. Thank you very much Mr.Chairman.

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آگے جو business ہے اس پر چلیں۔ Please,

let's go on with the business کہ view point ہو جائے اس طرح باقی debate ہو گی۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: وزیر اعظم نے میرا نام mention کیا تھا۔

جناب چیئرمین: نورانی صاحب مہربانی کر کے جو ہمارا اصل issue ہے، اس پر چلیں۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی: میں چاہتا تھا کہ میں personal explanation پر بات کروں۔

جناب چیئرمین: میں عرض کروں کہ بعد میں جب آگے چلیں گے تو اس پر کر لیں گے۔ There is a message .... please, let me just......... Abbasi Sahib, please let us go on with the business. Safdar Abbasi Sahib, let us go with the business at the moment. نہیں جی اس وقت now we have..... عباسی صاحب let us go on with the business آپ نے کر دیا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ ساری کارروائی غیر آئینی، غیر قانونی ہے اور وزیر اعظم صاحب نے یہاں کھڑے ہو کر صرف nation کو mislead کرنے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے ہی سربراہی کمیٹی کا اجلاس بلایا تھا اور اس کے بعد ان کو دوبارہ سربراہی کمیٹی کا اجلاس بلانا چاہیئے تھا۔ He tried to mislead the nation اور ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ bill illegal ہے۔

جناب چیئرمین: جب آپ bill disscuss کریں گے اور اس میں کوئی بات غلط ہے تو تب کر لیجیئے گا۔

Dr. Safdar Ali Abbasi: This is an illegal way.

میں کیا کروں تب سے بول رہا ہوں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: بھائی صاحب ہر بات طریقے سے ہوتی ہے۔ Please اب میں نے Bill lay کرنا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Since there are no rules------ gentlemen, since there are no rules for conclusion of Money Bills in the Rules of Procedure

and Conduct of Business therefore, procedure has been laid by me through Article-237 as placed on the table.

**Mr. Shaukat Aziz:** I move that the Senate may make recommendations, if any, to the National Assembly regarding the Budget. Thank you.

**Mr. Chairman:** The schedule of directions has also been laid. Now, we will adjourn the House to meet again on Tuesday at 10.00 a.m.

سبحان ربک رب العزت عما یصفون والسلام علی المرسلین و الحمد للّٰہ رب العٰلمین

--------------------

*(The House then adjourned to meet again at ten O'clock in the morning on Tuesday, 10th June, 2003.)*

--------------------